Ontario

**وزارت محنت، تربیت و ہنر کا فروغ**(Ministry of Labour, Training and Skills Development)

# کام کے گھنٹے اور اوور ٹائم کی ادائیگی

**اعلان دستبرداری:**یہ وسیلہ ملازمت کے معیارات سے متعلق قانون2000 (ای ایس اے) (Employment Standards Act, 2000) (ESA)اور ضوابط کے تحت مقرر کردہ بعض کم از کم حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے میں ملازمین اور آجرین کی مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اس کا مقصد ای ایس اے (ESA) یا ضوابط کی جگہ لینا نہیں ہے اور حوالہ ہمیشہ قانون کے باضابطہ ورژن کا ہی دیا جانا چاہیے۔ یوں تو ہم یہ یقینی بنانے کی پوری کوشش کرتے ہیں کہ اس وسیلہ کی معلومات ممکنہ حد تک تازہ ترین اور بالکل درست ہوں، مگر بسا اوقات غلطیاں ہو ہی جاتی ہیں۔ ای ایس اے (ESA) صرف کم از کم معیارات فراہم کرتا ہے۔ بعض ملازمین کو ملازمتی معاہدے، اجتماعی معاہدے، عمومی قانون یا دیگر قانون کے تحت وسیع تر حقوق حاصل ہو سکتے ہیں۔

ملازمتی معیارات سے متعلق ایکٹ، 2000 (ای ایس اے) Employment Standards Act, 2000 (ESA)اونٹاریو میں زیادہ تر کام کی جگہوں کے لیے کم از کم معیارات طے کرتا ہے، جس میں کام کے گھنٹے اور اوور ٹائم کی ادائیگی شامل ہیں۔ یہ پرچۂ معلومات اونٹاریو میں کام کے گھنٹوں اور اوور ٹائم کی ادائیگی کے عام اصولوں کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔

ای ایس اے (ESA) کے تحت، کچھ ملازمتوں اور صنعتوں کو کام کے گھنٹوں اور اوور ٹائم کے لیے کچھ خصوصی اصول اور استثنآت حاصل ہیں۔ آیا آپ کی ملازمت خصوصی اصولوں یا استثنآت کا مستوجب ہے یا نہیں، اس بارے میں مزید معلومات اور جانکاری کے لیے Ontario.ca/ESAtools پر جائیں۔

## کام کے گھنٹے

اگر آپ کا مستقل کام کا دن آٹھ گھنٹے سے زیادہ لمبا ہے تو آپ سے آٹھ گھنٹے یا آپ کے مستقل کام کے دن کے گھنٹوں کی تعداد سے زیادہ کام کرنے کا تقاضا نہیں کیا جا سکتا ہے۔ آپ سے ہفتے میں 48 گھنٹوں سے زیادہ کام کرنے کا تقاضا بھی نہیں کیا جا سکتا ہے۔

**آرام کے وقفے اور کھانے کے وقفے**اگر آجر اور ملازم راضی ہوں، تو آپ کے آجر کے لیے لازم ہے کہ زیادہ سے زیادہ پانچ گھنٹے کے کام کے بعد وہ آپ کو 30 منٹ کا کھانے کا وقفہ دے، یا پانچ گھنٹے کی مدت کے اندر 30 منٹ کے برابر دو مختصر کھانے کے وقفے دے۔

آپ کے آجر کے لیے لازم ہے کہ وہ ہر 24 گھنٹے کی مدت میں لگاتار 11 گھنٹے کام سے چھٹی دے۔ اس کے علاوہ آپ کو کام کرنے کے ہر ہفتے میں لگاتار 24 گھنٹے کام سے چھٹی ملنی چاہئے، یا کام کرنے کے ہر دو ہفتے کے عرصے میں لگاتار 48 گھنٹے کام سے چھٹی ملنی چاہئے۔

آپ کے آجر کو شفٹوں کے درمیان آٹھ گھنٹے کام سے چھٹی دینی ہوگی۔ یہ اس وقت لاگو نہیں ہوگا جب دونوں شفٹوں میں کیے گئے کام کا کل وقت 13 گھنٹے سے زیادہ نہ ہو، یا آپ اور آپ کے آجر نے تحریری شکل میں اتفاق رائے کیا ہو کہ آپ شفٹوں کے درمیان کام سے آٹھ گھنٹوں سے بھی کم کی چھٹی لیں گے۔

ان وقفوں کو شمار کرنے کے لیے، Ontario.ca/ESAtools پر **کام کے گھنٹے اور اوور ٹائم ٹول** آزمائیں۔

## کام کے اضافی گھنٹے

آپ اور آپ کا آجر تحریری طور پر اس بات سے اتفاق کرسکتے ہیں کہ آپ مندرجہ ذیل سے زیادہ کام کریں گے:

- دن میں آٹھ گھنٹے یا ان کا مقرر کیا گیا مستقل کام کا دن – اگر یہ آٹھ گھنٹوں سے زیادہ لمبا ہو؛
- ہفتے میں 48 گھنٹے۔

**آپ کو اضافی گھنٹے کام کرنے پر راضی ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔**

اگر آپ اضافی گھنٹے کام کرنے پر راضی *ہوتے بھی* ہیں، تب بھی آپ اپنے معاہدے میں دکھائے گئے گھنٹوں کی تعداد سے زیادہ کام نہیں کرسکتے ہیں۔

آپ اپنے آجر کو دو ہفتوں کا تحریری نوٹس دے کر اس معاہدے کو منسوخ کرسکتے ہیں۔ آپ کا آجر بھی آپ کو معقول نوٹس دے کر معاہدے کو منسوخ کر سکتا ہے۔ ایک بار جب آپ کا معاہدہ منسوخ ہو جاتا ہے، تو آپ اب مزید اضافی گھنٹے کام نہیں کر سکتے ہیں۔

اگر کوئی ٹریڈ یونین آپ کی نمائندگی کرتی ہے، تو آپ کی یونین آپ کی طرف سے آپ کے آجر کے ساتھ معاہدہ کر سکتی ہے۔

اضافی گھنٹوں کے معاہدوں سمیت، کام کے گھنٹوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، Ontario.ca/hoursofwork پر جائیں۔

## اوور ٹائم کی ادائیگی

عام طور پر، اگر آپ ایک ہفتے میں 44 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے ہیں، تو آپ کے آجر کو آپ کو اوور ٹائم کی ادائیگی کرنی ہوگی۔ اوور ٹائم کی ادائیگی آپ کی مستقل ادائیگی کی شرح سے 1½ گنا زیادہ ہوتی ہے۔

آپ اوور ٹائم کی ادائیگی کے بجائے کام سے بامعاوضہ چھٹی لے سکتے ہیں اگر آپ اور آپ کا آجر تحریری طور پر اس بات سے اتفاق کرتے ہیں۔ اوور ٹائم کام کیے گئے ہر گھنٹے کے لیے 1½ گھنٹے کی بامعاوضہ چھٹی فراہم کی جاتی ہے۔ یہ چھٹی تین مہینوں کے اندر لے لی جانی چاہئے۔

## اوور ٹائم کا اوسط نکالنا

اوور ٹائم کی ادائیگی، اگر کوئی ہے، کا تعین کرنے کے لیے آپ اور آپ کا آجر دو، تین یا چار ہفتوں میں اپنے گھنٹوں کا اوسط نکالنے کے لیے تحریری طور پر اتفاق کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے اوور ٹائم کی ادائیگی ہر ہفتے کے بجائے معاہدے میں طے شدہ مدت میں آپ کے ذریعہ کیے گئے کام کے گھنٹوں کی اوسط تعداد پر مبنی ہوتی ہے۔ اگر آپ نہیں چاہتے ہیں تو آپ کو اوور ٹائم کا اوسط نکالنے سے اتفاق کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

ان معاہدوں میں ایک تاریخ آغاز اور ایک تاریخ اختتام ہونا ضروری ہے اور یہ عام طور پر دو سال سے زیادہ نہیں چل سکتے ہیں۔ عام طور پر، آپ یا آپ کا آجر اوسط نکالنے کے معاہدے کو میعاد ختم ہونے کی تاریخ سے پہلے منسوخ نہیں کر سکتے ہیں، الّا یہ کہ آپ اور آپ کا آجر دونوں، تحریری طور پر، اسے منسوخ کرنے کے لیے متفق ہوں۔ اگر کوئی ٹریڈ یونین آپ کی نمائندگی کرتی ہے، تو آپ کی یونین آپ کی طرف سے آپ کے آجر کے ساتھ معاہدہ کر سکتی ہے۔ یہ معاہدے اس وقت سے زیادہ نہیں رہیں گے جب اگلا اجتماعی معاہدہ نافذ ہوگا۔

اوور ٹائم اور اوسط نکالنے کے معاہدوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، Ontario.ca/overtime ملاحظہ کریں۔

## ای ایس اے (ESA) کے اپنے حقوق کے بارے میں پوچھنے یا انھیں استعمال کرنے پر آپ کو سزا نہیں دی جا سکتی ہے

اگر آپ ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں پوچھتے ہیں یا ان کا استعمال کرتے ہیں تو آپ کا آجر آپ کو کسی بھی طرح سے، بشمول آپ سے ملازمتی رشتہ ختم کر کے، سزا نہیں دے سکتا ہے۔

## آپ اپنے حقوق ترک کرنے پر راضی نہیں ہو سکتے ہیں

آپ ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے کسی بھی حقوق کو ترک کرنے کے لیے راضی یا کسی معاہدے پر دستخط نہیں کر سکتے ہیں۔ یہ معاہدے اور عہد نامے درست نہیں ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کسی معاہدے پر دستخط کرتے ہیں جس میں یہ کہتے ہیں کہ آپ کے آجر کو آپ کو اوور ٹائم کی ادائیگی کرنے کی ضرورت نہیں ہے، تو یہ معاہدہ درست نہیں ہوگا۔

## مزید معلومات یا دعوی دائر کرنے کے لیے

ای ایس اے (ESA) کے بارے میں مزید معلومات کے لیے Ontario.ca/ESAguideملاحظہ کریں۔

اگر ای ایس اے (ESA) کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں، تو آپ ملازمتی معیارات کے مرکز معلومات

(Employment Standards Information Centre) کو 416-326-7160 پر، ٹول فری 1-800-531-5551 پر یا- TTY 1-866-567-8893 پر بھی کال کر سکتے ہیں۔ معلومات متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے حقوق موصول نہیں ہوئے ہیں، تو آپ Ontario.ca/ESAclaims پر وزارت محنت، تربیت و ہنر کے فروغ(Ministry of Labour, Training and Skills Development)کے پاس دعوی دائر کر سکتے ہیں۔